پاکستان سیٹیزن پورٹل ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کا طریقہ

سب سے پہلے اپنے فون پر دیئے گئے ایپ سٹور ایپلیکیشن پر جائیں

اس کے بعد پاکستان سیٹیزن پورٹل لکھ کر سرچ کریں

چاند تارے والی ایپ کو ڈاؤن لوڈ کریں

ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ ہو جانے پر اُس ایپلیکیشن کو کھولیں

سب سے نیچے دیئے گئے رجسٹر کے آپشن کو دبائیں

مہیا کیئے گئے تین آپشنز میں سے اپنے متعلقہ آپشن کا انتخاب کریں

اس کے بعد مطلوبہ جگہ اپنا موبائل نمبر درج کریں اور سکرین پر آ جانے والے میسج پر دیئے گئے OK کے بٹن کو دبائیں۔

اگلی سکرین پر دی گئی جگہ پر اپنا پورا نام ،صنف ،اور تاریخ پیدائش کا اندراج کر کے Next کا بٹن دبائیں نئی آنے والی سکرین پر اپنا نام ،ای میل اور آٹھ ہندسوں کے پاسورڈ کا اندراج کریں اور Next کا بٹن دبائیں۔اس کے بعد آنے والی سکرین پر اپنے شناختی کارڈ نمبر ،صوبہ ،ضلع ،تحصیل اور اپنے پتے کا اندراج کریں۔رجسٹر ہو جانے پر آپ کے موبائل پر میسج موصول ہوگا۔Welcome سکرین پر موجود Manual کا ایک بار بغور مطالعہ کرلیں۔

ایپلیکشن پر شکایت کے اندراج کا طریقہ

ایپلیکشین کھولنے کے بعد آپ کو تین آپشن مہیا کیئے گئے ہیں

آپ اپنے شناختی کارڈ نمبر ،پاسپورٹ نمبر یا User Name کے ذریعے Login ہو سکتے ہیں

Login ہو جانے کے بعد آپ کو Welcome سکرین نظر آئے گی۔نئی شکایت کے اندراج کے لئے سکرین کے نیچے دائیں طرف بنے ہوئے سرخ رنگ کے گول بٹن کو دبائیں۔

دی گئی کیٹیگریز میں سے اپنی مطلوبہ کیٹیگری کا انتخاب کریں۔

اور پوچھی گئی معلومات کا اندراج کریں اور Submit کا بٹن دبائیں۔ شکایت کے اندراج کا عمل مکمل ہونے کے بعد آپ کو اپنی شکایت کا نمبر موصول ہو جائے گا۔